# تیسیر مصطلح الحدیث میں موجود اصطلاحات کی تعریفات مع حکم

**معلم الدرجہ :** مولانا بلال مدنی زید مجدہ

**کاوش:** توثیق رضا عطاری

**درجہ :** خامسہ ( ب )

**جامعۃ المدینہ :** فیضان مدینہ آفندی ٹاؤن حیدرآباد سندھ

**مدینہ !** اگر کمپوزنگ یا کسی بھی طرح کی کوئی غلطی پائیں تو ضرور آگاہ کریں ۔ شکریہ

**رابطہ :** 03063457829 ، 03183565330

# تعریفات أولیة

## علم المصطلح :

اصـــول و قواعد کا ایســـا علم جس کے ذریعے ، قبول و رد کی حیثیت سے سند و متن کے احوال کی معرفت حاصل ہو ۔

## موضوع :

قبول و رد کی حیثیت سے سند و متن ۔

## ثمرہ :

احادیث مبارکہ میں سے صحیح کو سقیم سے جدا کرنا ۔

## حدیث :

جس کی ســند نبی پاک صــلی اللہ علیہ وســلم کی طرف کی جائے ، اب چاہے وہ قول یا فعل یا تقریر یا صفت ہو ۔

## خبر :

اس کے متعلق تین اقوال ہیں :

1) حدیث کے مترادف ہیں یعنی اصطلاحا ان دونوں کا معنی ایک ہی ہے ۔

2) حدیث کے مغایر ہے ، یعنی جو بات نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے ہو اسے حدیث ، اور جو غیر سے ہو اسے خبر کہا جاتا ہے ۔

3) حدیث سے عام ہے ، یعنی جو بات نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے ہو اسے حدیث ، اور جو بات نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے ہو یا غیر کی طرف سے اسے خبر کہا جاتا ہے ۔

## اثر :

اس کے متعلق دو اقوال ہیں

1) حدیث کے مترادف ہیں ۔

2) حدیث کے مغایر ہے، یعنی جس قول یا فعل کو کسی صحابی یا تابعی کی طرف منسوب کیا جائے ، اسے اثر کہتے ہیں ۔

## اسناد :

رواۃ کی وہ لڑی جو متن تک پہنچے ۔

## متن :

کلام میں سے جس بات تک سند کی انتہا ہو ، اسے متن کہا جاتا ہے ۔

## مُسنَد :

اصطلاحا اس کی تین معانی ہیں:

1) وہ کتاب جس میں ہر صحابی سے علیحدہ طور پر ان کی تمام روایات کو جمع کیا جائے ۔
2) حدیث جو سند کے اعتبار سے مرفوع اور متصل ہو ۔

3) اگر اس سے مراد " سند " ہو ، تو یہ مصدر میمی ہوگا ۔

4)

**مُسنِد :**

وہ جو اپنی سند سے روایت بیان کرے خواہ اس حدیث کے متعلق اسے علم (تشریح معلوم) ہو یا نہ ہو بلکہ صرف روایت ہی کرتا ہو (تب بھی مسند کہلائے گا)

**محدث :**

وہ عالم دین جو روایتا و درایتا ، علم حدیث میں مشغول ہو ، اور کثیر روایات کو ان کے رواۃ کے حالات کے ساتھ جانتا ہو ۔

**حافظ :**

اس کے متعلق دو اقوال ہیں:

**1)** کثیر محدثین کے نزدیک یہ محدث کے مترادف ہے ۔

2) ایک قول کے مطابق ان کا مرتبہ محدث سے زیادہ ہوتا ہے ؛ کیوں کہ وہ ہر طبقے میں جس حدیث کا محدث کو علم نہیں ہوتا ، اس کا ان کو علم ہوتا ہے ۔

**حاکم :**

وہ عالم دین جو چند احادیث کے علاوہ تمام احادیث کا جاننے والا ہو ،

## الباب الاول

### متواتر :

لغوی معنی : تتباع یعنی لگاتار

اصطلاحی تعریف : وہ حدیث پاک جسے اتنی کثیر تعداد نے روایت کیا ہو ، جن کا کا جھوٹ پر جمع ہو نا عادتا محال ہو ۔

حکم : یہ حدیث پاک علم ضـــروری ( یعنی قطعی ، یقینی ) کا فائدہ دیتی ہے ۔

### متواتر لفظی :

تعریف : جس حدیث کا لفظا و معنی تواتر ثابت ہو ۔

مثال : من كذب علي متعمدا فليتبوأ مقعده من النار.

### متواتر معنوي :

تعریف : جو معنی متواتر ہو ، ناکہ لفظا ۔

مثال: رفع الیدین فی الدعاء کی احادیث ۔

## خبر الآحاد :

لغوی معنی : جسے ایک شخص روایت کرے
۔

اصطلاحی تعریف : وہ حدیث پاک جس میں متواتر کی شرائط موجود نہ ہو ۔

حکم : یہ حدیث پاک علم نظری ، یعنی ایسے علم کا فائدہ دیتی ہے جو نظر و استدلال پر موقف ہو ۔

## مشہور :

لغوی معنی : ظاہر ہونا

اصطلاحی تعریف : وہ حدیث پاک جسے ہر طبقے میں تین یا تین سے زائد راویوں نے روایت کیا ہو ، لیکن حد تواتر سے تعداد کم ہو ۔

حکم : مشہور اصطلاحی و غیر اصطلاحی کو ابتداء ہی صحیح یا غیر صحیح نہیں کہ سکتے ؛ کیوں کہ اس میں بعض صحیح ، بغض حسن ، بعض ضعیف بلکہ بعض تو موضوع احادیث بھی ہوتیں ہیں ۔ لیکن جب مشہور اصطلاحی کا صحیح ہونا ثابت ہوجائے ، تو اسے عزیز و غریب پر ترجیح دی جائے گی ۔

## مستفیض :

لغوی معنی : پھیلنا

اصطلاحی تعریف : اس کی تعریف میں تین اقوال ہیں:

1) مشهور کے مترادف ہے ۔
2) مشہور سے خاص ہے ، یعنی مستفیض میں یہ شرط ہے کہ اس کے دونوں اطراف برابر ہو ، جبکہ مشہور میں ایسی کوئی شرط نہیں ۔
3) مشہور سے عام ہے ، یعنی دوسرے قول کا عکس ۔

## مشہور غیر اصطلاحی :

شرائط کا اعتبار کیے بغیر وہ حدیث پاک جو زبانوں پر مشہور ہو ۔

## عزیز :

لغوی معنی : قلیل و نادر ہونا یا قوی و مضبوط ہونا ۔

اصطلاحی تعریف : وہ حدیث پاک جس کے تمام طبقات سند میں دو سے کم راوی نہ ہو ۔

## غریب :

لغوی معنی : منفرد ہونا یا اقارب سے دور ہونا ۔

اصطلاحی تعریف : وہ حدیث پاک جس کو روایت کرنے والا ایک راوی ہو ۔ اگرچہ کس ایک کی طبقہ میں ہو ۔

## مقبول :

تعریف : وہ حدیث پاک جس کے مخبر بہ کا صدق راجح ہو ۔

حکم : اس کو حجت بنانا ، اور اس پر عمل کرنا واجب ( بامعنی جائز ) ہے ۔

## مردود :

تعریف : وہ حدیث پاک جس کے مخبر بہ کا صدق راجح نہ ہو ۔

حکم : اس کو نہ تو دلیل بنایا جائے گا ، اور نہ ہی اس پر عمل کیا جائے گا ۔

## صحیح لذاتہ :

لغوی معنی : ضد سقیم

اصطلاحی تعریف : وہ حدیث پاک جو متصل ہو ، اول سند سے آخر تک تمام روات عادل و ضابط ہو ، نہ شاذ ہو ، اور نہ ہی معلل ہو ۔

حکم : عمل کرنا واجب ہے ۔

## حسن لذاتہ :

لغوی معنی : جمال

اصطلاحی تعریف : وہ حدیث پاک جو متصل ہو ، اور اسے وہ عادل جس کا ضبط کمزور ہو ، اپنی مثل عادل سے انتہاء سند تک روایت کرے ، اور وہ حدیث نہ شاذ ہو اور نہ ہی معلل ہو ۔

حکم : حجت بنانے کے اندر وہ صحیح کے مثل ہے ۔

## صحیح لغیرہ :

وہ حسن لذاتہ حدیث جسے کسی ایسی دوسری سند سے روایت کیا جائے جو پہلی سند کے مثل یا اس سے اقوی ہو ۔

## حسن لغیرہ :

وہ ضعیف حدیث پاک جسے متعدد طرق سے روایت کیا جائے اور اس کا سبب ضعف فسق الراوی یا کذب الراوی نہ ہو ۔

حکم : یہ مقبول ہے ، اس کو حجت بنانا جائز ہے ۔

## محکم :

لغوی معنی : پختگی

اصطلاحی تعریف : ایسی مقبول حدیث جو اپنی مثل حدیث کے معارض نہ ہو ۔

## مختلف الحدیث :

لغوی معنی : ضد الاتفاق

اصطلاحی تعریف : وہ حدیث پاک جو اپنی مثل حدیث کے معارض ہو ، لیکن ان کے درمیان تطبیق دینا بھی ممکن ہو ۔

## نسخ :

لغوی معنی : زائل کرنا ، یا نقل کرنا

اصطلاحی تعریف : شارع کا اپنے متقدم حکم کو ، اپنے متاخر حکم سے ختم کرنا ، نسخ کہلاتا ہے ۔

## ضعیف :

لغوی معنی : ضد القوی

اصطلاحی تعریف : وہ حدیث پاک جس میں حسن حدیث کی شرائط نہ ہو ۔

حکم : فضائل اعمال میں اس پر عمل کرنا مستحب ہے ، جبکہ درج ذیل تین شرائط ہو :

I. ضعف شدید نہ ہو ۔

II. حدیث کسی معمول بہ اصول کے تحت وارد ہوئی ہو ۔

III. عمل کرتے وقت احتیاط کا اعتقاد ہو ، ناکہ ثبوت کا ۔

## معلق :

لغوی معنی : لٹکانا

اصطلاحی تعریف : جس حدیث پاک کی ابتداء سند سے ایک یا ایک سے زائد راوی پے در پے حذف ہو ۔

حکم : مردود ہے ۔

## مرسل :

لغوی معنی : غیر مقید

اصطلاحی تعریف : جس حدیث پاک کی انتہاء سند سے ، تابعی کے بعد کوئی راوی حذف ہو ۔

حکم : اس کے بارے میں تین اقوال ہیں :

I. عند المحدثین : ضعیف مردود

II. عند ابو حنیفہ ، مالک ، احمد : اگر مرسِل ثقہ ہو ، اور ثقہ سے ہی ارسال کیا ہو تو حجت بنانا صحیح ہے ۔

III. عند الشافعی : چند شرائط کے ساتھ مقبول ہے ۔

## مرسل الصحابی :

تعریف : وہ حدیث پاک جس میں صحابی نبی پاک صلی اللہ علیہ و سلم کے کسی ایسے قول یا فعل کے بارے میں خبر دے جس کو انہوں نے صغر سن یا تاخر اسلام کی وجہ سے نہ تو حضور علیہ السلام سے سنا ہو اور نہ ہی آقا صلی اللہ علیہ وسلم کو وہ فعل کرتے ہوئے دیکھا ہو ۔

حکم : صحیح محتج بہ .

## معضل :

لغوی معنی : عاجز کرنا

اصطلاحی تعریف : وہ حدیث پاک جس کی سند سے دو یا دو سے زائد راوی پے در پے حذف ہو ۔

حکم : ضعیف ہے ، اس کا حال مرسل و منقطع سے زیادہ برا ہے ۔

**منقطع :**

لغوی معنی : ضد الاتصال

اصـــطلاحی تعریف : وہ حدیث پاک جس کی ســـند متصل نہ ہو ، اب چاہے اس کا انقطاع کسی بھی طرح کا ہو ۔

حکم : بالاتفاق ضعیف ہے ۔

**تدلیس :**

لغوی معنی : مشـــتری ســـے مبیع کے عیب کو چھپانا ۔

اصـطلاحی تعریف : اسـناد کے عیب کو چھپانا ، اور اس کے ظاہر کو خوبصورت کرنا ۔

## تدلیس الاسناد :

تعریف : روای کا کسی روایت کو اپنے شیخ سے ایسے لفظ سے روایت کرنا جو سماع وغیرہ کا وہم دلائے ، جبکہ حقیقتا اس نے وہ روایت اس شیخ سے نہ سنی ہو ، بلکہ اس کے علاوہ دیگر روایات سنی ہو ۔

حکم : مکروہ جدا ۔

## تدلیس التسوية :

تعریف : راوی اپنے شیخ سے حدیث کو روایت کرے ، اور اس ضعیف روای کو گرادے جو دو ایسے ثقہ راویوں کے درمیان ہو جن کا آپس میں لقاء ثابت ہو ۔

حکم : تدلیس الاسناد سے زیادہ مکروہ ہے ۔

## تدلیس الشیوخ :

تعریف: راوی اپنے شیخ سے وہ حدیث پاک روایت کرے جس کو اس سے سنا ہے ، پھر اس شیخ کا کوئی

ایسا نام ، لقب ، کنیت ، یا صفت ذکر کرے جس سے وہ مشہور نہ ہو ؛ تاکہ اس کو پہچانا نہ جاسکے ۔

حکم : اس کی کراہیت تدلیس الاسناد سے کم ہے ۔

## مرسل خفی :

لغوی معنی : ارســـال بمعنی الاطلاق ، و الخفی ضد الجلی ۔

اصـطلاحی تعریف : راوی نے جس شـیخ سے ملاقات کی ہو یا اس کا زمانہ پایا ہو ، اس سـے کسـی حدیث کو ایسـے لفظ کے سـاتھ روایت کرے جو سـماع وغیرہ کـا وہم دلائے ، جبکـہ حقیقتـا اس نے نـہ تو وہ روایت اس شیخ سے نہ سنی ہو اور نہ ہی کوئی دوسری روایت ۔

حکم : ضعیف ہے ۔

## معنعن :

لغوی معنی : قال : عن ، عن ۔

اصـــطلاحی تعریف : راوی کا کہنا : عن فلان عن فلان ۔

## مؤنن :

لغوی معنی : قال : ان ، ان ۔

اصـــطلاحی تعریف: راوی کا کہنا: حدثنا فلان ان فلانا قال .....

## موضوع:

لغوی معنی: کسی چیز گرنا ۔

اصطلاحی تعریف : جس جھوٹی روایت کو گھڑ کر ، بنا سـنوار کر نبی پاک صـلی اللہ علیہ وسـلم کی طرف منسوب کیا گیا ہو ۔

## متروک :

لغوی معنی: بے فائدہ چیز

اصطلاحی تعریف: وہ حدیث جس میں متهم بالكذب راوی ہو ۔

## منکر :

لغوی معنی : ضد الاقرار

اصطلاحی تعریف: اس کی علماء الحدیث نے متعدد تعریفات بیان کی ہیں ۔ جن میں مشہور دو تعریفات درج ذیل ہیں :

1) وہ حدیث جس کی سند میں ایسا راوی ہو جو فحش غلطیاں کرنے والا ہو ، یا اس کی غفلت کثیر ہو ، یا اس کا فسق ظاہر ہو ۔

2) جس حدیث کو ضعیف راوی ، ثقہ راویوں کی حدیث کے مخالف روایت کرے ۔

## معروف :

لغوی معنی : مشہور ہونا ۔

اصطلاحی تعریف : جس حدیث کو ثقہ راوی ، ضعیف راویوں کی حدیث کے مخالف روایت کرے ۔

## معلل :

لغوی معنی: عیب دار کرنا ۔

اصــطلاحی تعریف : وہ حدیث پاک جس میں کســی ایسی پوشیدہ علت کا پتا چلے جو اس کی صحت میں عیب لگائے ، حالنکہ بظاہر وہ حدیث اس علت سے سلامت ہو .

**مدرج :**

لغوی معنی : ایک چیز کو دوســری چیز میں داخل کرنا .

اصــطلاحی تعریف : وہ حدیث پاک جس کے ســیاق سند کو تبدیل کردیا گیا ہو ، یا بغیر فصل کے اس کے متن مین ایسی چیز شامل کی گئی ہو جو متن کی نہ ہو .

**مقلوب :**

لغوی معنی: کسی چیز کو اصل سے صورت سے پھیرنا .

اصطلاحی تعریف: وہ حدیث پاک جس کی سند یا متن میں ایک لفظ کو دوسرے لفظ سے ، تقدیم و تاخیر وغیرہ کے سبب تبدیل کردیا گیا ہو .

حکم : اگر بطور اغراب ہو ، تو ناجائز .

اگر قصد امتحان سے ہو ، تو جائز

اگر خطا و نسیان سے ہو ، تو فاعل معذور ہے ۔ ہاں اگر کثرت سے ہو تو ضبط اثر انداز ہوگا ، جس کے سبب روای ضعیف ہوجائے گا ۔

## المزید فی متصل الاسانید:

لغوی معنی : مزید : زیادۃ سے قسم مفعول ، متصل : ضد المنقطع ، الاسانید جمع اسناد ۔

اصطلاحی تعریف : راوی کا زائد ہونا ، ایسی سند میں جس کا ظاہر متصل ہو ۔

## مضطرب :

لغوی معنی : کسی معاملے کا بگھڑنا ۔

اصطلاحی تعریف: وہ حدیث پاک جس کو ایسی متعارض صورتوں پر روایت کیا گیا ہو ، جو قوت میں برابر ہو ، اور کسی کو دوسری پر ترجیح دینا بھی ممکن نہ ہو ۔

## مصحف:

لغوی معنی: صحیفہ میں خطا کرنا ۔

اصطلاحی تعریف : لفظا یا معنی کلمات حدیث کو ایسے کلمات سے تبدیل کرنا جو ثقہ راویوں کی روایت کے مخالف ہو ۔

## شاذ :

لغوی معنی : منفرد عن الجمهور ۔

اصطلاحی تعریف: مقبول ، اپنے سے اولی کی مخالفت کرتے ہوئے جس حدیث پاک کو روایت کرے ، اس کو شاذ کہا جاتا ہے ۔

## محفوظ:

اوثق ، ثقہ کی مخالفت کرتے ہوئے جس حدیث پاک کو روایت کرے، اس کو محفوظ کہا جاتا ہے ۔

## مجهول العین:

تعریف: وہ راوی جس کا نام ذکر کیا جائے ، اور اس سے روایت کرنے والا ایک ہی ہو ۔

حکم : اگر توثیق کردی جائے تو مقبول ورنہ مردود ۔

## مجھول الحال:

تعریف : وہ راوی جس سے روایت کرنے والوں کی تعداد دو یا دو سے زائد ہو ، مگر اس کی توثیق نہ کی گئی ہو ۔

حکم : مردود ۔

## مبھم :

حدیث میں جس رواى کے نام کی کی صـــراحت نہ کی گئی ہو ۔

حکم : صراحت سے پہلے مردود ۔

## بدعت :

لغوی معنی: پہلی مرتبہ ایجاد کرنا ۔

اصطلاحی تعریف : دین کے مکمل ہونے کے بعد دین میں کوئی نئی بات ایجاد کرنا ، یا اس سے مراد اعمال و خواھشات کی وہ باتیں ہے جو نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ایجاد کی گئی ہو ۔

## بدعة مكفرة :

اس سے مراد ایسی بدعت ہے جس کے سبب مبتدع کی تکفیر کی جائے ۔ جیسا کہ وہ ایسی بات کا اعتقاد رکھے جو کفر کو مستلزم ہو ۔ اور معتمد بات یہی ہے کہ اس کی روایت کو رد اسی وقت کیا جائے گا جب وہ شریعت کے کسی امر متواتر ، اور ضروریات دین میں سے کسی بات کا انکار کرے یا اس کے برعکس اعتقاد رکھے ۔

حکم : اگر بدعت مکفرہ کو تو ، اس کی روایت مردود ۔

## بدعة مفسقه :

اس سے مراد ایسی بدعت ہے جس کے سبب مبتدع کو فاسق قرار دیا جائے، اس کی یہ بدعت تکفیر کا اصلا تقاضہ نہیں کرتی ۔

حکم : بدعت مفسقہ ، مقبول ہیں جبکہ درج ذیل دو شرائط ہو :

I. اپنی بدعت کی طرف داعی نہ ہو ۔
II. ایسی چیز کو روایت نہ کرے جو اس کی بدعت کی ترویج کرے ۔

**شاذ :**

جس حدیث کے راوی کو سوء حفظ اول حیات سے طاری ہو ، اور تمام حالات میں اس کو لازم ہو ۔

حکم : ان کی روایت مردود ہے ۔

**مختلط :**

جس حدیث پاک کے راوی پر سوء حفظ ان کے بڑھاپے ، یا بینائی کی کمزوری ، یا ان کے کتب جلنے کی وجہ سے طاری ہو ۔

حکم : اختلاط سے پہلے کی روایت مقبول ہیں ، اور اختلاط کے بعد کی روایت مردود ہیں ۔

## حدیث قدسی :

لغوی معنی: قدس یعنی طھر کی طرف منسوب ہے ۔ اس سے مراد وہ حدیث پاک ہے جو ذات باری تعالی کی طرف منسوب ہو ۔

اصطلاحی تعریف : جو بات نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ پاک کی طرف منسوب کرتے ہوئے ہمیں ارشاد فرمائی ہو ۔

## مرفوع :

لغوی معنی : بلند ہونا

اصطلاحی تعریف : جس حدیث پاک میں کسی قول ، یا فعل یا تقریر یا صفت کی نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف اضافت کی گئی ہو ۔

## مرفوع قولی:

صحابی یا غیر صحابی کا کہنا : قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کذا ۔

## مرفوع فعلی :

صحابی یا غیر صحیح کا کہنا : " فعل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کذا ..... ".

## مرفوع تقریری :

صحابی یا غیر صحابی کا کہنا " نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں فلاں کام کیا گیا " اور وہ صحابی یا غیر صحابی اس فعل پر نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے انکار کو روایت نہ کرے ۔

## مرفوع وصفی :

صحابی یا غیر صحابی کا کہنا: " رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خلق کے اعتبار سے تمام لوگوں سے زیادہ خوبصورت تھے " ۔

## موقوف :

لغوی معنی: روکنا

اصطلاحی تعریف : جس روایت میں کسی قول یا فعل یا تقریر کی صحابی کی طرف اضافت کی گئی ہو ۔

حکم : موقوف میں اصل عدم احتجاج ہے ۔ اگر اس کا صحیح ثابت ہو تو وہ بعض ضعیف احادیث کو تقویت دی سکتی ہے ۔ اور اگر اس کے لیے مرفوع کا حکم ہو ، تو مرفوع کی طرح حجت بنے گی ۔

## مقطوع :

لغوی معنی: ضد وصل ۔

اصطلاحی تعریف: جس روایت میں کسی قول ، یا فعل کی اضافت تابعی یا اس سے نیچے کسی شخص کی طرف کی گئی ہو۔

حکم : احکام شرعیہ میں اس کو حجت نہیں بنا سکتے ، اگرچہ اس کے قائل کی طرف اس روایت کی نسبت صحیح ثابت ہو ۔

## مُسنَد :

لغوی معنی: اضافت کرنا / منسوب کرنا

اصطلاحی تعریف: جس حدیث پاک کی سند مرفوعا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تک متصل ہو ۔

## متّصل / موصول :

لغوی معنی: ضد " انقطع " ۔

اصطلاحی تعریف : جس روایت کی سند متصل ہو ، چاہے وہ مرفوعا ہو یا موقوفا ہو ۔

## زیادات الثقات فی المتن :

اس سے مراد متن کے اندر کسی کلمہ یا جملہ کی زیادتی کرنا ۔

حکم : اگر زیادتی ثقات یا اوثق کی روایت کے منافی نہ ہو تو ، مقبول ، ورنہ مردود ۔ اور اگر اس میں نوع منافاۃ ( جیسے مطلق کو مقید کرنا یا عام کو خاص کرنا ) ہو تو بھی امام نووی کے قول کے مطابق مقبول ہے ۔

## زیادات الثقات فی الاسناد :

اس سے مراد کسی موقوف کو مرفوع کرنا ، یا مرسل کو موصول کرنا ۔

حکم : اس کے بارے میں چار اقوال ہیں : -----

## اعتبار :

لغوی معنی : کسی معاملے میں غور فکر کرنا ، تاکہ کسی دوسری ایسی چیز کی معرفت حاصل ہو ، جو اس کی جنس میں سے ہو ۔

اصطلاحی تعریف: کسی ایسی حدیث کی سند میں غور و فکر کرنا جس کو روایت کرنے میں ایک راوی منفرد ہو ، تاکہ یہ معلوم ہوجائے کہ کیا کوئی دسرا سخص اس حدیث کو روایت کرنے میں اس کا شریک ہے یا نہیں ۔

## متابع / تابع :

لغوی معنی: موافقت کرنا

اصطلاحی تعریف : وہ حدیث پاک جس کے راوی ، کسی حدیث فرد کے رواۃ کی لفظا و معنی یا فقط معنی موافقت کریں ۔ اور وہ دونوں احادیث ایک ہی صحابی سے مروی ہو ۔

دوسری تعریف: جس حدیث پاک میں ، حدیث فرد کے راوت کی لفظا موافقت حاصل ہو ، چاہے وہ دونوں احادیث ایک صحابی سے مروی ہوں یا مختلف صحابہ کرام سے ۔

**شاھد :**

لغوی معنی: یہ شھادۃ سے مشتق ہے ، جس کا معنی کے گواہی دینا ۔

اصطلاحی تعریف: وہ حدیث پاک جس کے راوی ، کسی حدیث فرد کے رواۃ کی لفظا و معنی یا فقط معنی موافقت کریں ۔ اور وہ دونوں احادیث مختلف صحابہ کرام سے مروی ہوں ۔

دوسری تعریف : وہ حدیث پاک جس میں ، حدیث فرد کے رواۃ کی معنیً موافقت حاصل ہو، چاہے وہ

دونوں احادیث ایک صـــحابی ســـے مروی ہوں یا مختلف صحابہ کرام سے ۔

**متابعت تامہ :**

اول اسناد سے راوی کے لیے موافقت حاصل ہو ۔

**متابعت قاصرہ :**

اثناء اسناد سے راوی کے لیے موافقت حاصل ہو ۔

# طرق التحمل

## السماع من لفظ الشیخ :

اس کی صورت یہ ہے کہ : شیخ پڑھے اور طالب سنے ، چاہے شیخ یاد پڑھے یا کتاب سے دیکھ کر ، اور یہ بھی برابر ہے کہ طالب صرف سنے یا سننے کے ساتھ لکھتا بھی جائے ۔

## القراءۃ علی الشیخ / عرض :

اس کی صورت یہ ہے کہ :
طالب علم ان احادیث کو پڑھے جو شیخ سے مروی ہیں اور شیخ سنے ۔ چاہے طالب علم خود پڑھے یا ، کوئی اور پڑھے ، یہ فقط سنے ۔ اور یہ بھی برابر ہے کہ طالب علم یاد پڑھے یا کتاب سے دیکھ کر ۔ اسی طرح یہ بھی برابر ہے کہ شیخ قاری کے حفظ پر اعتبار کرتے ہوئے بغیر دیکھے سنے یا اسی کتاب سے یا کسی دوسرے ثقہ کی کتاب سے دیکھ کر سنے ۔

حکم : اس طریقے سے احادیث کو روایت کرنا بغیر کسی اختلاف کے درست ہے ۔

## اجازت :

اصطلاحی تعریف: لفظا یا کتابتا کسی حدیث کو روایت کرنے کی اجازت دینا ۔

اس کی صورت : شیخ کسی طالب علم کو فرمائے کہ : میں آپ کو اجازت دیتا ہوں ، کہ آپ میری سند سے صحیح بخاری کی احادیث کو روایت کریں ۔

حکم : اس کی پانچ انواع ہیں ، پہلی نوع صحیح ہے ، باقی انواع کے جواز میں اختلاف ہے ۔

## المناولة :

اس کی دو اقسام ہیں :

1. مقرونة بالإجازة : اس کی صورت یہ ہے کہ : شیخ طالب علم کو اپنی کتاب دے کر فرمائے : یہ میری فلاں سے مرویات ہیں، ان کو آپ مجھے سے راوی کریں ۔ پھر وہ کتاب اس طالب علم کے پاس ہو عاریتا یا تملیکا تاکہ وہ اس کو نقل کر سکے ۔

حکم : اس ذریعے سے روایت کرنا جائز ہے ۔

2. مجردة عن الإجازة : اس کی صـــورت یہ ہے کہ : شـــیخ طالب علم کو فقط یہ کہہ کر کتاب عطا کرے کہ یہ میری مرویات ہیں ۔

حکم : صـــحیح قول کے مطابق اس طریقے سے احادیث کو روایت کرنا جائز نہیں ۔

## الکتابة :

اس کی صـورت یہ ہے کہ: شـیخ اپنی سـنی ہوئی روایات کو کسی حاضر یا غائب کے لیے خود لکھے ، یا کسی اورسے لکھائے ۔ اس بھی دو اقسام ہیں:

1 : مقرونـة بـالإجـازة : یعنی اس کو یـہ بھی کہے کـہ : میں آپ کو روایــت کرنــے کی اجازت دیتا ہو ۔

حکم : اس طرح روایت کرنا صحیح ہے ۔

2 : مجردة عن الإجـازة : یعنی فقط لکـھ کر بھیج دے ، روایت کرنـے کی اجـازت نـہ دی ہو ۔

حکم : علماء الحدیث کے نزدیک اس طرح بھی روایت کرنا صحیح ہے ۔

**الاعلام :**

اس کی صورت یہ ہے کہ : شیخ ، طالب علم کو خبر دے کہ : یہ حدیث یا یہ کتاب ان کی سنی ہوئی ہے ۔

حکم : اس میں علماء کے دو اقوال ہیں:

- کثیر اصحاب حدیث و فقہ و اصول کے نزدیک جائز ہے ۔
- کئی محدثین و غیرہ کے نزدیک ناجائز ہے ۔ اور یہی صحیح قول ہے ۔

**الوصية :**

اس کی صورت یہ ہے کہ: شیخ اپنی وفات کے وقت ، یا سفر کے وقت کسی شخص کو اپنی روایت کی ہوئی کتب میں سے کسی کتاب کی وصیت کر جائے ۔

حکم : بعض سلف صالحین کے نزدیک اس طریقے سے روایت کرنا جائز ہے ، لیکن یہ قول غلط ہے ۔ درست قول " عدم جواز " کا ہے ۔

## الوِجادۃ :

اس کی صورت یہ ہے کہ : طالب علم کو ایسے شیخ کی لکھی ہوئی احادیث مل جائے جس کو وہ جانتا تو ہے ، لیکن ان سے نہ تو احادیث سنی ہیں ، اور نہ ہی ان کی طرف سے اس کو اجازت ہے ۔

حکم : روایت بالوجادۃ کا تعلق انقطاع کے باب سے ہے ، لیکن اس میں نوع اتصال بھی ہوتی ہے ۔

## غریب الحدیث :

لغوی معنی : اپنے اقارب سے دور ہونا ۔

اصطلاحی تعریف: کسی ایسے لفظ کا متن حدیث میں واقع ہونا ، جو قلت استعمال کے سبب فہم سے پوشیدہ اور بعید ہو ۔

## الإسناد العالي :

لغوی معنی: بلند ہونا

اصطلاحی تعریف: کسی حدیث کی وہ سند جس کے راویوں کی تعداد کم ہو ، ایسی دوسری سند کی بنسبت جس کے ذریعے اسی حدیث کو کثیر تعداد کے ساتھ بیان کیا گیا ہے ۔

## الإسناد النازل :

لغوی معنی : اترنا / اوپر سے نیچے آنا ۔

اصطلاحی تعریف : کسی حدیث کی وہ سند جس کے راویوں کی تعداد زیادہ ہو ، ایسی دوسری سند کی بنسبت جس کے ذریعے اسی حدیث کو کم تعداد کے ساتھ بیان کیا گیا ہے ۔

## مُسَلْسَل :

لغوی معنی : ایک چیز کا دوسری چیز سے ملا ہوا ہونا ۔

اصطلاحی تعریف : وہ حدیث پاک جس کے تمام رواۃ ایک صفت یا حالت پر اور ایک روایت پر مسلسل ملے ہوئے آئیں ۔

## روایة الأکابر عن الاصاغر :

لغوی معنی : بڑوں کا چھوٹوں سے روایت کرنا ۔

اصطلاحی تعریف : کسی شخص کا ایسے بندے سے روایت کرنا جو عمر اور طبقے یا علم و حفظ میں اس سے کم ہو ۔

## راویة الآباء عن الأبناء :

کسی حدیث کی ایسی سند ہو جس میں والد اپنے بیٹے سے روایت کرے ۔

## روایة الأبناء عن الآباء :

کسی حدیث کی ایسی سند ہو جس میں بیٹا فقط اپنے والد سے روایت کرے یا والد اور دادا سے ۔

## تعریف الاقران :

لغوی معنی : ہم صحبت ہونا ۔

اصطلاحی تعریف : رواۃ سند و متن میں متقارب ہو ، ( یعنی ان تمام نے ایک طبقے میں شیوخ سے روایات کو اخذ کیا ہو) ۔

## تعریف روایۃ الاقران :

ایک قرین کا دوسرے سے روایت کرنا ۔

## مُدَبَّجُ :

لغوی معنی : مزین کرنا

اصطلاحی تعریف : دو ہم صحبت راویوں کا ایک دوسرے سے روایت کرنا ۔

## السابق و اللاحق :

لغوی معنی: سابق بمعنی متقدم ، لاحق بمعنی متاخر ۔

اصطلاحی تعریف : کسی شیخ سے دو راوی روایت کرنے میں مشــترک ہوں ، اور ان دونوں میں ســے ایک کی وفات پہلے ہوئی ہو ، اور دوسرے کی بعد میں ہوئی ۔

# معرفت الرواۃ

## صحابی :

لغوی معنی : ساتھی ، ہمراہ

اصطلاحی تعریف : جس معزز شخصیت نے ایمان کی حالت میں نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت پائی ہو ، اور اسلام پر ہی خاتمہ ہوا ہو ۔ صحیح قول کے مطابق اگرچہ ملاقات و وفات کے درمیان جو زمانہ ہے اس میں مرتد ہو گیا ہو ۔

## تابعی :

لغوی معنی : کسی کے پیچھے چلنا ۔

اصطلاحی تعریف : وہ معزز سخصیت جس نے ایمان کی حالت میں کسی صحابی سے ملاقات کی ہو ، اور حالت اسلام پر ہی خاتمہ ہوا ہو ۔

ایک قول کے مطابق تابعی سے مراد وہ شخص ہے : جس نے صحابی کی صحبت پائی ہو ۔

## المتفق المفترق :

خط اور لفظ کے اعتبار سے روات اور ان کے آباء و اجداد کے نام ، یا نام و کنیت ، یا نام و نسبت متفق ہو ، جبکہ ان کی شخصیات مختلف ہو ۔

مثال : خلیل بن احمد ، یہ چھ اشخاص کا نام ہے ۔

## مُؤْتَلِف و المختلف :

لغوی معنی : مؤتلف بمعنی اجتماع .

اصطلاحی تعریف : خط کے اعتبار سے روات کے اسماء یا القابات یا کنیت یا نسبت ایک ہو ، جبکہ لفظ کے اعتبار سے مختلف ہو ۔

مثال: سلام اور سلّام ، مِسْوَر اور مُسَوَّر .

## متشابہ :

لغوی معنی: بمعنی تماثل ، لیکن یہاں پر اس سے " ملتبس " مراد ہے ۔

اصطلاحی تعریف : راوت کے نام لفظا و خطا متفق ہوں ، لیکن ان کے آباء و اجداد کے اسماء لفظا مختلف ہوں ناکہ خطا ، یا پھر اس کے برعکس ہو ۔

مثال: محمد بن عُقیل اور محمد بن عَقیل .

## مُهْمَل :

لغوی معنی : اهمال بمعنی ترک ۔

اصطلاحی تعریف : راوی دو ایسے اشخاص کو ذکر کرے جو فقط اپنے نام میں یا والدین کے نام میں یا اس طرح کی دوسری باتوں میں متفق ہوں ، اور جس کے ساتھ وہ دونوں خاص ہے ، اس سے ممتاز نہ ہو ۔

## المبهمات :

لغوی معنی: ضد الایضاح ۔

اصطلاحی تعریف : اس سے مراد متن یا سند میں کسی ایسے شخص کا نام مبهم رکھا جائے ، جو روات حدیث میں سے ہو ، یا اس کا روایت سے کوئی تعلق ہو ۔

## الوُحدان :

لغوی معنی : یہ واحد کی جمع ہے ۔

اصطلاحی تعریف : اس سے مراد وہ رواۃ ہیں، جن میں سے ہر ایک سے روایت کرنے والا بس ایک ہی راوی ہو ۔

حکم : اگر صحابی نہیں ، تو اس کی روایت مردود ہے ۔

## مفردات :

اس سے مراد کوئی ایسا صحابی ، یا عام راوی یا کوئی عالم جس کے نام ، کنیت ، لقب یا نسبت میں کوئی بھی شریک نہ ہو ۔

مثال : صحابی رسول : اجمد بن عجیان ۔

## طبقة :

لغوی معنی : القوم المتشابهون ۔

اصطلاحی تعریف : اس سے مراد ایسی قوم ہے جو سن و اسناد میں ، یا فقط اسناد میں متقارب ہو ۔ ( اسناد

میں تقارب سے مراد یہ ہے : کہ ایک قوم کے جو شیوخ ہیں ، وہ دوسری قوم کے بھی شیوخ ہوں ) ۔

**ثقہ :**

اس سے مراد وہ راوی ہے جو عادل اور ضابط ہو ۔

**ضعیف :**

جس روای کے عدل یا ضبط میں کوئی طعن ہو ۔

**تمت بالخیر**

**وقت : 12:26 AM**

**تاریخ : 13 جنوری 2023 ، بروز جمعرات ۔**